


# ڈائیریکٹرز کی رپورٹ

## برائے حصص یافتگان (شیئر ہولڈرز)

22 فروری، 2021

کمپنی کے ڈائیریکٹرز 31 دسمبر، 2020 کو ختم شدہ سال کے حوالے سے آڈٹ شدہ مالی گوشوارے پیش کرتے ہیں۔


## کاروباری تجزیہ

کمپنی نے اپنے بنیادی لائف اور ہیلتھ انشورنس کے کاروبار میں امید افزاء اضافہ ظاہر کیا ہے۔ اختتام شدہ سال 31 دسمبر، 2020 کے لیے مجموعی پریمیم 1,130 ملین روپے تھا، جو پچھلے سال کے مجموعی پریمیم جو کہ 753 ملین روپے تھا، کے مقابلے میں 50% زیادہ ہے۔


لائف بزنس نے مجموعی پریمیم میں گزشتہ سال ختم شدہ سال 31 دسمبر، 2019 کے مقابلے میں 54% نمو/اضافہ ظاہر کیا ہے۔ اسی طرح ہیلتھ بزنس نے اس سال مجموعی میں 49% نمو/اضافہ ظاہر کیا ہے۔

دوران سال کارپوریٹ بزنس نے مجموعی پریمیم میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 39% کا اضافہ ظاہر کیا ہے جبکہ اسی سال ریٹیل بزنس کا مجموعی پریمیم 147% تک بڑھا ہے۔ بزنس لائنس میں بلندترین نمو/اضافے کے حوالے سے تین سالہ مسابقتی جائزہ درج ذیل ہے۔


کارپوریٹ





ریٹیل




ہیلتھ




لائف




قرضہ جات اور کام کے لیے مطلوب سرمایہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کمپنی نے TPL کارپوریشن لمیٹڈ کے لیے -/10 روپے فی حصص کے حساب سے 12.5 ملین رائٹ شیئرز مختص کر دیئے تھے۔

مزید یہ کہ بنیادی کمپنی یعنی TPL کارپوریشن لمیٹڈ نے تصدیق کی ہے کہ ریگولیٹری کیپیٹل اور سالوینسی کی مطلوبہ ضروریات سے باخبری کمپنی پر عائد ہوتی ہے اور کمپنی اس کی ہمہ وقت تعمیل کو یقینی بنانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ تاہم، وبائی امراض کی وجہ سے پریشان کن معاشی حالات کے سبب اس سال کے دوران قرضہ جات (سالوینسی) کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے مطلوبہ سرمایہ کو شامل کرنا قدرے مشکل تھا۔ SECP سے اس میں رعایت دینے پر غور کرنے کی استدعا کی گئی تھی اور اس پر سال 2021 کی پہلی سہ ماہی (Q1 2021) تک منظور کر لیا گیا تھا۔

24 دسمبر، 2020 کو، کمپنی میں 36.6% کاروباری مفاد کے حصول کے لیے کمپنی نے تقریباً 4.5 ملین امریکی ڈالر کی رقم کی ایکویٹی سرمایہ کاری کے ذریعے غیر ملکی سرمایہ کار کے ساتھ شرائط کی دستاویز پر دستخط کئے تھے۔ معاہدے کی تکمیل باضابطہ طور پر مالیاتی اور قانونی ضوابط کی تسلی بخش تکمیل سے مشروط ہے۔

دورانِ سال تحریر شدہ مجموعی پریمیم مندرجہ ذیل کے مطابق تھا:

## قانونی فنڈز

## مجموعی پریمیم/زرتعاون

| | 2020 | 2019 | تغیر/تبدیلی% |
|---|---|---|---|
| | | "000"روپے | |
| انڈیویژول لائف یونٹ لنکڈ | 20,718 | 38,190 | -46% |
| گروپ لائف بزنس | 247,779 | 143,085 | 73% |
| ایکسیڈنٹ اینڈ ہیلتھ بزنس | 669,267 | 478,877 | 40% |
| گروپ فیملی تکافل | 29,484 | 12,306 | 140% |
| ایکسیڈنٹ اینڈ ہیلتھ بزنس۔تکافل | 162,916 | 80,652 | 102% |
| **مجموعی** | **1,130,164** | **753,110** | **50%** |

سال کے حوالے سے بعدازمحصول (ٹیکس) ہونے والا خسارہ352 ملین روپے (271:2019 ملین روپے کا خسارہ) تھا۔اس خسارے کی بنیادی وجوہات میں کلیم کے وہ اخراجات ہیں،جس میںCOVID-19 کے صحت سے متعلق معاملات کی وجہ سے غیر متوقع اضافہ ہوا،جس نے عام علاج پر آنے والی لاگت کو بڑھادیا۔مزید برآں،لائف اور ہیلتھ بزنس میں رسک کی بنیاد پر مقدرت ادائے قرض کے مارجن میں اضافہ اور لائف اور ہیلتھ انشورنس کے عملی امور پر آنے والی لاگت ہے۔کمپنی لاگت کے حوالے سے اپنے اہم مراکز اور خسارے کی ذرائع کا مسلسل جائزہ لے رہی ہے اور اہم لاگت کے ہیڈز کو دوبارہ اپنی دسترس میں لانے کے لیے کاروباری/عملی امور سے متعلقہ حکمت عملی ترتیب دے رہی ہے۔

گزشتہ چھ ماہ کے حوالے سے کمپنی کی کارکردگی کے اہم مالیاتی نکات ذیل میں دی گئی جدول میں درج کیے گئے ہیں:

| | 2020 | 2019 | 2018 | 2017 | 2016 | 2015 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | "000"روپے | | |
| مجموعی پریمیم | 1,130,164 | 753,110 | 435,196 | 269,833 | 116,279 | 434,253 |
| مجموعی کلیمز | 866,250 | 411,684 | 268,924 | 85,451 | 154,649 | 383,837 |
| پالیسی کے حصول کی لاگت | 187,844 | 87,219 | 36,161 | 32,455 | 8,577 | 23,941 |
| انتظامی اخراجات | 361,586 | 332,963 | 264,008 | 246,294 | 159,578 | 143,273 |
| سرمایہ کاری سے آمدن | 48,247 | 42,163 | 20,818 | 20,775 | 28,560 | 34,434 |
| منافع / (نقصان) قبل از محصول (ٹیکس) | (351,856) | (270,826) | (199,906) | (171,582) | (76,275) | (99,635) |
| پالیسی یافتگان کے واجبات | 435,692 | 354,534 | 207,499 | 138,075 | 39,179 | 142,208 |
| ای پی ایس (روپے میں) | (2.94) | (2.91) | (2.73) | (2.58) | (1.27) | (1.99) |

کمپنی نے اس مدت کے دوران بہ قدر568 ملین روپے کے ہیلتھ کلیمز اور 141 ملین روپے کے لائف انشورنس کلیمز کے ساتھ مجموعی طور پر709 ملین روپے کے ہیلتھ اور لائف کلیمز ادا کیے۔سب سے بڑے ادا کیے گئے موت کے کلیم کی لاگت 3.92 ملین روپے تھی۔

کمپنی نے ہین اوری (Hannover Re) کے ساتھ ری انشورنس کے انتظامات کئے ہیں، جو اسٹینڈرڈ اور پورز کی جانب سے -AA ریٹنگ کا حامل ادارہ ہے۔ انتظامیہ کو یقین ہے کہ وہ ری انشورنس کی معاونت سے رسک کو تنوع فراہم کرتے ہوئے، کمپنی کی بیمہ کی صلاحیت کو مزید بہتر کرے گی۔

بورڈ یہ بتاتے ہوئے خوشی محسوس کرتا ہے کہ کمپنی نے PACRA کی جانب سے ان کے حالیہ جائزہ میں اپنی IFS (انشورنس فنانشل اسٹرینتھ) ریٹنگ "-A" (سنگل اے مائنس) کو برقرار رکھا ہے۔

## آڈیٹرز

موجودہ آڈیٹرز میسرز Ernst & Young Ford Rhodes، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے کمپنی کے ساتھ اپنی مدت مکمل کر لی ہے۔ کمپنی کی جانب سے SECP کو دی جانے والی درخواست پر، ان کو آئندہ مدت کے لیے کمپنی کے ساتھ منسلک رہنے کے حوالے سے مدت میں توسیع کی اجازت دے دی گئی ہے۔ بورڈ نے آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر 31 دسمبر، 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لیے انہیں کمپنی کے ایکسٹرنل آڈیٹر کے طور پر دوبارہ تقرری کی تجویز دی ہے، جو کہ سالانہ اجلاس عام میں حصص یافتگان (شیئر ہولڈرز) کی منظوری سے مشروط ہے۔

## ریٹائرمنٹ پر ملنے والے فوائد

31 دسمبر 2020 کو پراویڈنٹ فنڈ کا بیلنس 19.890 ملین روپے تھا (جو کہ 2019 میں 15.280 ملین روپے تھا)۔

## کارپوریٹ گورننس کے طریقہ کار کی تعمیل

کارپوریٹ گورننس کے طریقہ کار کے مطلوبہ تقاضوں پر باضابطہ طور پر عمل کیا گیا ہے۔ ڈائریکٹرز ذیل میں دیئے گئے مندرجات کی بخوشی توثیق کرتے ہیں:

1۔ کمپنی کی جانب سے تیار شدہ مالی گوشوارے، اسکے معاملات، اس کے آپریشن کے نتائج، زرنقد کی ترسیل اور ایکویٹی میں تبدیلی کی درست ترجمانی کرتے ہیں۔
2۔ کمپنی نے کھاتوں (اکاؤنٹس) کی مخصوص بکس ترتیب دی ہوئی ہیں۔
3۔ کمپنی کی جانب سے مالی گوشواروں کی تیاری میں مسلسل مخصوص اکاؤنٹنگ پالیسز کا اطلاق کیا گیا ہے۔ جہاں کہیں بھی ترمیمات / تبدیلیاں کی گئی ہیں انہیں موزوں طریقے سے ظاہر کیا گیا ہے نیز اکاؤنٹنگ کے تخمینہ جات موزوں اور محتاط فیصلے کی بنیاد پر کئے گئے ہیں۔
4۔ مالی گوشواروں کی تیاری میں پاکستان میں قابل اطلاق بین الاقوامی مالیاتی معیار کی پیروی کی گئی ہے اور کسی بھی کسی ڈپارچر کو موزوں طور پر ظاہر اور واضح کیا گیا ہے۔
5۔ کمپنی نے اندرونی کنٹرول کے ایک مستحکم نظام کا اطلاق کیا ہے اور اس کی مؤثر طریقے سے نگرانی کی گئی ہے۔
6۔ کمپنی کے بنیادی اصول باصلاحیت سرمایہ کاروں کے منصوبہ جات کی بنیاد پر مستحکم ہیں اور کمپنی کے اسی طرح جاری رہنے میں کوئی شکوک وشبہات نہیں ہیں۔
7۔ کمپنی نے کارپوریٹ گورننس کا بہترین انداز میں اطلاق کیا اور اس پر عمل کیا ہے۔
8۔ مالی گوشواروں میں ظاہر شدہ محصولات / ڈیوٹیز کے علاوہ کسی قسم کے محصولات اور ڈیوٹیز واجب الادا نہیں ہیں۔

## سماجی بہبود کی ذمہ داری

ہم سماجی بہبود کی ذمہ داری (CSR) کو اپنے کام کے ساتھ جڑا عہد تصور کرتے ہیں اور اپنے تمام شراکت داروں کے ساتھ مل کر اپنے کام کرنے والے عملے، ان کی فیملیز اور جن مقامی علاقوں یا افراد کے درمیان ہم کام کرتے ہیں، ان سب کی زندگی کو مؤثر انداز میں بہتر بنانے کے لیے مستعد رہتے ہیں۔

TPL کا یہ یقین ہے کہ معاشرے اور ماحول میں ذمہ دار رویے کی ادائیگی سے کاروباری امور کو مزید تقویت ملنے کے ساتھ ساتھ، کسٹمر کو مرکز نگاہ اور بہترین ملازمین کو اپنی جانب راغب رکھا جا سکتا ہے۔

بورڈ آف ڈائیریکٹرز کا یہ ماننا ہے کہ مثبت سماجی رویہ اس کی حکمت عملی کا ایک اہم جزو ہے۔ایک ایسی دنیا میں جہاں برانڈ کی ویلیو اور اس کی ساکھ بڑھتی ہوئی دکھائی دیتی ہے اور اسے کمپنی کا سب سے قیمتی سرمایہ گردانا جاتا ہو، وہاں ایک ذمہ دار سماجی رویہ اعتماد اور بھروسے کی فضاء قائم کرتا ہے، جو نتیجے کے طور پر ایک مستحکم مستقبل کا یقین دلاتا ہے۔

## بورڈ آف ڈائیریکٹرز

بورڈ مندرجہ ذیل سات ڈائیریکٹرز اور ایک چیف ایگزیکٹیو پر مشتمل ہے۔ڈائیریکٹرز کو 29 مارچ 2018 کو منعقد شدہ سالانہ اجلاسِ عام میں منتخب کیا گیا تھا۔

| | |
|---|---|
| جناب جمیل یوسف، چیئرمین | جناب آصف رضا ثناء |
| جناب محمد علی جمیل | جناب محمد امین الدین |
| جناب اینڈریو بورڈا* | جناب فرخ شوکت انصاری |
| جناب محمد ریاض | جناب فیصل شہزاد عباسی، سی ای او |

* اس سال کے دوران مورخہ 27 اپریل، 2020 کو جناب وقار ملک آفس سے مستعفی ہو چکے ہیں اور اس خالی جگہ/عہدہ کو مورخہ 06 جولائی، 2020 کو جناب اینڈریو بورڈا نے پُر کیا ہے۔

سال 2020 کے دوران بورڈ آف ڈائیریکٹرز کے پانچ اجلاس منعقد ہوئے، جن میں مذکورہ ذیل کے مطابق شرکت کی گئی۔ بورڈ کے اجلاس میں شرکت نہ کر سکنے والے ڈائیریکٹرز کو غیر حاضری پر رخصت کی اجازت بورڈ کی جانب سے دی گئی تھی۔

| نمبر شمار | ڈائیریکٹرز کے نام | ایگزیکٹیو/نان ایگزیکٹیو | اجلاس میں حاضری |
|---|---|---|---|
| 1۔ | جناب جمیل یوسف احمد | نان ایگزیکٹیو | 4 |
| 2۔ | جناب محمد علی جمیل | نان ایگزیکٹیو | 5 |
| 3۔ | جناب وقار احمد ملک۔27 اپریل 2020 کو مستعفی ہو گئے | نان ایگزیکٹیو | 1 |
| 4۔ | جناب محمد ریاض | نان ایگزیکٹیو | 5 |
| 5۔ | جناب فرخ شوکت انصاری | انڈیپینڈنٹ نان ایگزیکٹیو | 6 |
| 6۔ | جناب آصف رضا ثناء | نان ایگزیکٹیو | 6 |
| 7۔ | جناب محمد امین الدین | نان ایگزیکٹیو | 6 |
| 8۔ | جناب فیصل شہزاد عباسی | ایگزیکٹیو ڈائیریکٹر | 6 |
| 9۔ | جناب اینڈریو بورڈا | نان ایگزیکٹیو ڈائیریکٹر | 4 |

## بورڈ آڈٹ کمیٹی

کارپوریٹ گورننس کی تعمیل میں اور مؤثر انتظام و انصرام کو یقینی بنانے کے لیے بورڈ نے بورڈ آڈٹ کمیٹی قائم کی جو کہ مندرجہ ذیل ڈائیریکٹرز پر مشتمل ہے:

| | | |
|---|---|---|
| جناب فرخ شوکت انصاری | چیئرمین | ڈائیریکٹر |
| جناب محمد علی جمیل | رکن | ڈائیریکٹر |
| جناب محمد ریاض | رکن | ڈائیریکٹر |
| جناب محمد آصف | سیکریٹری | ہیڈ آف انٹرنل آڈٹ |

بورڈ آڈٹ کمیٹی سہ ماہی، ششماہی اور سالانہ مالی گوشواروں کو بورڈ آف ڈائیریکٹرز کے پاس جمع کرانے سے قبل جائزہ لیتی ہے۔ بورڈ آڈٹ کمیٹی نے مختلف مسائل پر ایکسٹرنل آڈیٹرز کے ساتھ مفصل گفت وشنید کی۔ انہوں نے انٹرنل آڈٹ رپورٹ اور کارپوریٹ گورننس کے ضابطہ کار کے تحت مطلوب اپنی معلومات کا بھی جائزہ لیا۔

بورڈ آڈٹ کمیٹی کو جوابدہ ایک انٹرنل آڈٹ کا عمل مالیاتی اور اندرونی رپورٹنگ کے عمل، اندرونی کنٹرول کے نظام، رسک اور انٹرنل آڈٹ کے طریقہ کار کا جائزہ لیتا ہے۔

## بورڈ اور انتظامی کمیٹیاں

کارپوریٹ گورننس کے ضابطہ کار کی تعمیل میں، کمپنی ان تمام مطلوبہ بورڈ اور انتظامی کمیٹیوں کی حامل ہوتی ہے جو فعال ہیں اور قوائد کی تعمیل میں تواتر کے ساتھ اپنے اجلاس کا انعقاد کر چکی ہیں۔

## شراکت داری (شیئر ہولڈنگ) کا خاکہ

رپورٹ ہٰذا کے ساتھ شراکت داری (شیئر ہولڈنگ) کے خاکے کو ظاہر کرنے والی اسٹیٹمنٹ منسلک ہے۔

## ہولڈنگ کمپنی

کمپنی TPL کارپ لمیٹڈ کا ایک ذیلی ادارہ ہے، جو کمپنی کے 85.28% حصص (شیئرز) کا حامل ہے۔

## کمپنی اور معاشی نقطہ نظر

پاکستان کی معیشت اب تک ایک مشکل مرحلے سے گزر رہی ہے۔ مالیاتی نظم، ایکویٹی مارکیٹ کے ساتھ ساتھ شرح سود مستحکم ہونے کا عمل، معاشی اور محصولات (ٹیکس) پالیسی میں استحکام اور بہتر نگرانی یقینی طور پر بہتر معاشی نمو کا سبب بنیں گے۔ جبکہ معیشت کو دستاویزی شکل دینے کے حوالے سے حکومت کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات قابل ستائش ہیں، یہ اقدامات اپنے مطلوبہ وقت پر مثبت نتائج کی شکل میں سامنے آئیں گے۔

لائف انشورنس کی صنعت مختلف مسائل کا شکار ہے، جن میں سے سب سے اہم لائف اور ہیلتھ انشورنس کے کاروبار پر صوبائی سیلز ٹیکس کا نفاذ اور ساتھ ہی انشورنس نمائندگان کا کمیشن ہے۔ پاکستان جیسے ایک ایسے ملک میں جہاں انشورنس کے معاملات کی جانب رغبت کم ترین ہے، حکومت کی جانب سے انشورنس کے شعبہ کی ترقی کے حوالے سے معاونت، اس کی لوگوں میں آگہی اور اس صنعت کو درپیش موجودہ مشکلات کے حل میں ایک اہم کردار ادا کرے گی۔

سال 2020 کی دوسری ششماہی میں، لائف انشورنس کے شعبہ نے نمو کا اظہار کیا اور 2020 H1 کے مقابلے میں اپنی ٹاپ لائن ڈیلیوری کو بہتر بنایا۔ تاہم سال بہ سال (YoY) نمو کی رفتار کے حوالے سے قابل ستائش جھکاؤ کی توقع کی جاتی ہے۔ نئے ذرائع کی دریافت اور پراڈکٹ کی پیش کردہ مختلف نوع کی خدمات نئے کاروبار کے اعداد وشمار میں اور زیادہ بہتری فراہم کرسکتی ہیں۔

فنی وتیکنیکی لحاظ سے سلوشنز فراہم کرنے والے ادارہ ہونے کے ناتے، TPL لائف نے مستقبل کے مارکیٹ ڈسٹری بیوشن ماڈلز پر سرمایہ کاری کی پوزیشن میں ہے۔ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کی جگہ اب مارکیٹ میں تیزی سے چلنے والی حکمت عملیوں وربیمہ ٹیک سلوشن سے متعلق آگاہی میں اضافے پر توجہ دی جائے گی۔

تمام تر پابندیوں اور صارفین کے قدامت پسندانہ ردعمل کے ساتھ، کمپنی نے ٹاپ لائن نمو میں خاطر خواہ بہتری کا مظاہرہ کیا۔ 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے سال کے حوالے سے، دیگر مقامی لائف انشورنس اداروں کے زیر دباؤ اعداد و شمار کے باوجود کمپنی کے مجموعی بیمہ پریمیم میں 50% کی امید افزاء نمو ظاہر ہوئی۔

ریٹیل کے کاروبار کے لیے کمپنی اپنی ڈیجیٹل رسائی کو بڑھانے پر توجہ مرکوز رکھے گی اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ساتھ شراکت داری کو فروغ دے گی جس سے کمپنی، نہ صرف مارکیٹ میں رسائی کی رفتار کو بڑھانے کے قابل ہو جائے گی بلکہ ساتھ ہی نقصان کے خطرات (رسک) بھی تقسیم ہو جائیں گے۔ ورچوئل ایجنٹ نیٹ ورک کے ذریعے لائف انشورنس پراڈکٹس کی پیشکش، کمپنی کی جانب سے فراہم کی جانے والے سہولیات میں سے ایک ہوگی جس پر کمپنی آنے والے سال کے دوران اپنی توجہ مرکوز رکھے گی۔

کارپوریٹ بزنس، اعلیٰ ترین کسٹمر سروسز کے ذریعے اور جدت و ٹیکنالوجی کی بنیاد پر فراہم کئے جانے والے سلوشنز کو برقرار رکھتے ہوئے اپنے پورٹ فولیو کو مزید بڑھانے پر توجہ مرکوز رکھے گا۔ علاج معالجے کے حوالے سے ہونے والے حالیہ اضافے کے نتیجے میں کاروبار کو برقرار رکھنے کے مسابقتی عمل میں اضافہ ہوا ہے تاہم اس کے ذریعے نو وارد اداروں کو موقع بھی ملا ہے کہ وہ بہتر کارکردگی کے ذریعے اپنے ہم عصروں کو چیلنج کر سکیں۔
کمپنی کی تکافل کے کاروبار سے پریمیم کی مجموعی آمدن 17% حاصل ہوئی ہے اور ہم امید کرتے ہیں کہ تکافل کے کاروبار سے حاصل ہونے والا پریمیم، ریٹیل اور کارپوریٹ شعبہ جات میں شریعہ کی بنیاد پر تکافل سلوشنز کی موروثی ضرورت کی وجہ سے مستقبل میں تیزی کے ساتھ بڑھے گا۔

TPL لائف نے پراڈکٹس، سروسز اور اِن سرٹیک پلیٹ فارمز میں ہونے والے ارتقائی عمل کے تسلسل کے ساتھ لائف انشورنس کے موجودہ اداروں کے مجمع کے درمیان اپنی جگہ بنالی ہے۔ اپنے دیگر اداروں اور TPL کارپ، جو کہ ایک فہم و ادراک کی حامل انتظامیہ پر مبنی، ہولڈنگ کمپنی ہے، کی انتظامیہ کی محنت اور لگن کے ساتھ، یہ ادارہ مستقبل میں کامیابیوں کی نئی بلندیاں حاصل کرلے گا۔

ڈائیریکٹرز کو بھرپور اعتماد ہے کہ TPL لائف، پراڈکٹس، سروسز اور اِن سرٹیک پلیٹ فارمز میں ہونے والے ارتقائی عمل کے تسلسل کے ساتھ لائف انشورنس کے موجودہ اداروں کے مجمع کے درمیان اپنی جگہ بنالے گی۔ اپنے دیگر اداروں اور TPL کارپ، جو کہ ایک ہولڈنگ کمپنی ہے، کی معاونت، انتظامیہ کی محنت اور لگن کے ساتھ، یہ ادارہ مستقبل میں کامیابیوں کی نئی بلندیاں حاصل کرلے گا۔

سال 2020 آخری حصے میں COVID-19 وباء کی دوسری لہر کے دوران، کاروباری تسلسل کا پروگرام (BCP) متاثر ہو گیا اور تمام شعبہ جات سے بنیادی ٹیم کے متبادل دنوں میں کام کرنے اور " گھر سے کام کرنے" کے لیے شیڈول تیار کیا گیا اور انتظامات کئے گئے، تاکہ اس سال کے دوران کاروباری تسلسل کے سہل اور ہموار طریقے جاری رکھنے کو یقینی بنایا جائے۔ کمپنی کا کلیم منظوری کا مرکز برائے ایکسیڈنٹ اینڈ ہیلتھ کلیمز چوبیس گھنٹے عملی طور پر کام کرتا رہا اور کلیم منظور کرنے والی ٹیم نے کلیم کی کارروائی سے متعلق تمام امور اپنے گھروں سے انجام دیئے۔ اندرونی اور بیرونی سطح پر منعقد ہونے والے تمام اجلاس ورچوئل طریقے سے، ویڈیو/آڈیو کانفرنسنگ سہولیات کو استعمال کرتے ہوئے منعقد کئے گئے تاکہ کمپنی کی پوری ایچ آر ٹیم اور ساتھ ہی خارجی حصص یافتگان (اسٹیک ہولڈرز) کی صحت اور تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

بیلنس شیٹ کی تاریخ کے بعد کسی قسم کی ترمیمات یا معاہدے نہیں ہوئے ہیں، جو کمپنی کی مالی حیثیت کو مادی طور پر متاثر کریں۔

**اظہارِ تشکر**

کمپنی کے ڈائیریکٹرز، سال 2020 میں درپیش COVID-19 وباء کی موجودگی میں کارپوریٹ شعبے کو دی جانے والی سہولیات اور رہنمائی کے حوالے سے وفاقی اور صوبائی حکومتوں اور ساتھ ہی SECP کی فعال کاوشوں اور کردار نیز اس حوالے سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے اٹھائے جانے والے اقدامات کو سراہتے اور شکریہ ادا کرتے ہیں۔

ہم، پالیسی ہولڈرز، کاروباری شراکت داروں، حصص یافتگان (شیئر ہولڈرز) کے بھی تہہ دل سے مشکور ہیں کہ انہوں نے کمپنی پر اپنے بھروسے اور اعتماد کو جاری رکھا اور ہم انہیں

بہترین خدمات کی یقین دہانی کراتے ہیں۔ ہم کمپنی میں ان کی جانب سے کی جانے والی سرمایہ کاری کے بہترین استعمال کو حتی المقدور یقینی بنانے کے اپنے عہد پر قائم رہیں گے۔

ہم کمپنی کی انتظامی ٹیم کے اراکین کا بھی ان کی لگن اور محنت سے کام کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہیں نیز ہم کمپنی کے ری انشوررز اور بینکرز کے بھی ان کی بھرپور معاونت پر مشکور ہیں۔

آخر میں ہم تمام شعبہ جات میں موجود ہماری بنیادی ہیومن ریسورس ٹیم کی کاوشوں کی پذیرائی کرتے ہیں، جنہوں نے ان مشکل حالات میں، اپنے شعبہ جاتی امور کو انجام دیتے ہوئے گھر سے کام کو جاری رکھا۔

**منجانب بورڈ**

**چیف ایگزیکٹیو آفیسر**

**کراچی، 24 فروری، 2021**

**چیئرمین / ڈائیریکٹر**

**کراچی، 24 فروری، 2021**

# TPLلائف انشورنس لمیٹڈ
## شیئر ہولڈنگ کا خاکہ

31دسمبر، 2020

| حصص یافتگان (شیئر ہولڈرز) کی تعداد | شیئر ہولڈنگ | قبضے میں موجود حصص (شیئرز) کی تعداد |
|---|---|---|
| 7 | شیئر ہولڈنگ 1 سے 3500 حصص (شیئرز) | 3,500 |
| 2 | شیئر ہولڈنگ3501 سے9,500,000 حصص (شیئرز) | 9,500,500 |
| 2 | شیئر ہولڈنگ9,500,001 سے132,500,000 حصص (شیئرز) | 122,996,000 |
| | | |
| 11 | **مجموعی** | 132,500,000 |

| حصص یافتگان (شیئر ہولڈرز) کی اقسام | قبضے میں موجود حصص (شیئرز) | فیصد |
|---|---|---|
| ڈائیریکٹرز، چیف ایگزیکٹیو آفیسر اوران کی زوجہ اور چھوٹے بچے منسلک کمپنیز، انڈرٹیکنگز اور متعلقہ فریقین | 9,503,000 | 7.17% |
| این آئی ٹی اور آئی سی پی | 112,996,000 | 85.28% |
| بینکس، ڈیولپمنٹ فنانشل انسٹی ٹیوشنز، نان بینکنگ | کوئی نہیں | کوئی نہیں |
| فنانشل انسٹی ٹیوشنز | 10,000,000 | 7.55% |
| انشورنس کمپنیز | کوئی نہیں | کوئی نہیں |
| مضاربہ اور میوچل فنڈز | کوئی نہیں | کوئی نہیں |
| انفرادی اشخاص | 1,000 | 0.00% |
| **کل** | **132,500,00** | **100%** |

**10% سے زائد ہولڈنگ رکھنے والے حصص یافتگان**

| | | |
|---|---|---|
| TPL کارپوریشن لمیٹڈ | 112,996,000 | 85.28% |

## کارپوریٹ گورننس کے ضابطہ کار کے تحت مطلوب معلومات

### 31 دسمبر، 2020 کو حصص یافتگان (شیئر ہولڈرز) کی اقسام

| قسم | حصص یافتگان (شیئر ہولڈرز) کی تعداد | حصص (شیئرز) کی تعداد | ہولڈنگ فیصد میں |
|---|---|---|---|
| **مسلک کمپنیز، انڈرٹیکنگز اور متعلقہ فریقین** | | | |
| TPL کارپوریشن لمیٹڈ | 1 | 122,996,000 | 85.28% |
| **ڈائریکٹرز، چیف ایگزیکٹیو، اور ان کے شریک حیات** | | | |
| جناب جمیل یوسف احمد | 1 | 500 | 0.00% |
| جناب محمد علی جمیل | 1 | 500 | 0.00% |
| جناب وقار احمد ملک | 1 | 4,500,500 | 3.40% |
| جناب محمد ریاض | 1 | 500 | 0.00% |
| جناب محمد امین الدین | 1 | 500 | 0.00% |
| جناب آصف رضا ثناء | 1 | 5,000,000 | 3.77% |
| جناب فرخ شوکت انصاری | 1 | 500 | 0.00% |
| **کل** | **7** | **9,503,000** | **7.17%** |
| **دیگر** | | | |
| جناب یوسف زوہیب علی | 1 | 500 | 0.00% |
| جناب علی اصغر | 1 | 500 | 0.00% |
| سندھ بینک لمیٹڈ | 1 | 10,000,000 | 7.55% |
| | | | |
| **کل** | **3** | **10,001,000** | **7.55%** |
| **مجموعی** | **11** | **132,500,000** | **100%** |